پورب اکادمی

تاریخ وتذکرہ خانقاہ نقشبندیہ مجددیہ


(آستانہ عالیہ شیر ربانیؒ)

شرقپور شریف

ضلع شیخوپورہ

تالیف

محمد نذیر رانجھا



اَلَا اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

تاریخ وتذکرہ خانقاہ نقشبندیہ مجددیہ

(آستانہ عالیہ شیر ربانیؒ)

شرقپور شریف

ضلع شیخوپورہ

تألیف

محمد نذیر رانجھا

پورب اکادمی، اسلام آباد

طبع اوّل: جون 2007ء

ناشر: پورب اکادمی، اسلام آباد

فون نمبر: 051 - 538 29 67, 0301 - 559 58 610

سرورق: 0300 - 519 25 43

ای میل: info@poorab.com.pk

ویب سائٹ: www.poorab.com.pk

Tareakh o Tazkira Khankah Naqshbandia Mujad'dia: Sharqpur Sharif

by: Muhammad Nazir Ranjha

Published by: Poorab Academy, Islamabad, Pakistan

ISBN: 969-8917-38-1

۲۹۷.۴۲

ران رانجھا، محمد نذیر

تاریخ وتذکرہ خانقاہ نقشبندیہ مجددیہ: شرقپور/محمد نذیر رانجھا۔-

اسلام آباد: پورب اکادمی، ۲۰۰۷ء

۲۰۸ ص

۱۔ تصوف، اسلامی

فتنوں کا آغاز وانجام

فرمایا: حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشادِ گرامی ہے کہ جلد ہی ایک وقت آنے والا ہے کہ اس میں اسلام اور قرآن مجید کا صرف نام رہ جائے گا۔ مسلمان مساجد کو آباد کریں گے، لیکن یہ ہدایت سے خالی ہوں گی۔ اس زمانے کے علما روئے زمین کے شریر ترین لوگ ہوں گے اور فتنہ وفساد کا آغاز ان کی طرف سے ہوگا اور اس کا انجام بھی ان پر ہی ہوگا۔

فرمایا، حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشادِ گرامی ہے کہ جلد ہی ایک زمانہ آئے گا کہ لوگ پیٹ کے جالوں میں گرفتار ہوں گے۔ دنیا میں ان کی بزرگی مال و دولت کی وجہ سے ہوگی۔ ان کا قبلہ عورتیں ہوں گی۔ ان کا مطلوب سیم وزر ہوگا اور ایسے لوگ بندگانِ خدا میں سب سے بزرگ (متصوّر) ہوں گے، حالانکہ خدا تعالیٰ کے ہاں ان کی کوئی وقعت نہیں ہوگی۔ یہ ایسا زمانہ ہوگا کہ لوگ دین کو ختم کر دیں گے اور بدعتیں جاری کر دیں گے۔ جو آدمی اس زمانے میں میری سنت پر عمل کرے گا، وہ بے چارہ تنہا ہو جائے گا اور جو آدمی بدعت کی پیروی کرے گا، وہ پچاس ساٹھ سے زیادہ مصاحب رکھتا ہوگا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم! آیا ہمارے بعد کوئی آدمی ہم سے زیادہ افضل ہوگا؟'' حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: ''ہاں۔'' صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم! یہ لوگ زندگی کیسے گزاریں گے؟'' حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: ''جیسے پانی نمک میں حل ہو جاتا ہے، ان کے دل اس طرح حل ہو جائیں گے اور ان کی زندگی ایسے ہوگی، جیسے سرکہ کے کیڑے سرکہ میں گزارتے ہیں۔'' پھر صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم! یہ لوگ دین کی حفاظت کیسے کریں گے؟''

آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: ''جیسے تم چولہے کی حفاظت کرتے ہو کہ اگر اسے چھوڑ دو تو وہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور اگر اس کو ہاتھ لگاؤ تو وہ جلا ڈالتا ہے۔''

حرام سے اجتناب ضروری

فرمایا، حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ اگر تم نمازیں پڑھتے ہوئے کمان کی مانند خمدار ہو جاؤ اور روزے رکھتے ہوئے تیر کی طرح لاغر ہو جاؤ تو بھی خدا تعالیٰ تمہارے عمل کو اس وقت تک قبول نہیں کرے گا، جب تک تم حرام سے نہیں رک جاؤ گے۔